شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23اگست2024ء

پریس ریلیز

سپریم کورٹ کا مبارک ثانی قادیانی کیس میں اپنے متنازعہ فیصلوں کی تصحیح کرنا انتہائی خوش آئند ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سپریم کورٹ کا مبارک ثانی قادیانی کیس میں اپنے متنازعہ فیصلوں کی تصحیح کرنا انتہائی خوش آئند ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ 6 فروری اور 24جولائی 2024ء کو سپریم کورٹ کی جانب سے مبارک ثانی قادیانی کیس میں جاری کردہ دونوں فیصلوں میں شرعی، آئینی اور قانونی سقم موجود تھے جن کی جانب دینی جماعتوں، علماء کرام، ملک بھر کی بار ایسوسی ایشنز، وکلاء حضرات، پارلیمان میں موجود عوامی نمائندگان اور خود عوام نے نہ صرف بھرپور انداز میں توجہ دلائی بلکہ ایک پُرامن اور موئثر تحریک کا ساماں باندھا جو یقینا قابلِ تحسین ہے۔ تمام افراد، تناظیم اور اداروں نے سپریم کورٹ سے استدعا کی کہ اس معاملے کو ایک مرتبہ پھر دیکھا جائے اور اپنے سابقہ دونوں فیصلوں میں موجود تمام شرعی، آئینی اور قانونی سقم دور کیے جائیں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ چیف جسٹس کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے 22 اگست 2024ء کو اس معاملے کی تیسری مرتبہ سماعت کی۔ دورانِ سماعت جید علمائے کرام اور دینی و مذہبی جماعتوں کو اپنا موقف پیش کرنے کا بھرپور موقع دے کر اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کیا گیا۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ وفاقی حکومت کی درخواست کو منظور کرتے ہوئے چیف جسٹس نے گزشتہ دونوں فیصلوں میں اپنے سہو کا اعتراف کیا۔ سماعت کے اختتام پر سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ کی جانب سے جاری کردہ مختصر فیصلہ میں 6فروری اور 24جولائی 2024ء کے فیصلوں سے تمام متنازعہ پیراگرافس حذف کرنے اور قادیانیوں پر آئین و قانون میں عائد تمام پابندیاں بحال کرنے کا حکم جاری کیا گیا ہے۔ یہ حکم بھی دیا ہے کہ حذف شدہ پیراگرافس کو نظیر کے طور پر پیش یا استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔ مزید برآں مبارک ثانی قادیانی کیس میں ٹرائل کورٹ کو اِن پیراگرافس سے متاثر ہوئے بغیر قانون کے مطابق مقدمہ جاری رکھنے کی بھی ہدایات جاری کی ہیں۔ امیر تنظیم نے پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بادی النظر میں یہ مسلمانانِ پاکستان کی ردِ قادیانیت کے محاذ پر ایک اور تاریخی فتح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم توقع کرتے ہیں کہ تفصیلی فیصلہ میں بھی کسی قسم کا ابہام باقی نہیں رہنے دیا جائے گا۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان